# سوا ل نمبر:12803

منجانب: ریحانہ اسمٰعیل صاحبہ ایم پی اے

<table>
<tr><th>نمبر شمار</th><th>سوال</th><th>جواب</th></tr>
<tr><td>(الف)</td><td>کیا وز یر ہاؤسنگ ار شا د فر مائیں گے کہ:-<br>آیا یہ درست ہے کہ پشاور سوڑیزئی کے مقام پر ہاؤسنگ سکیم سرکاری و غیر سرکاری افراد کے لئے شروع کی گئی ہے؟</td><td>جی ہاں ، یہ درست ہے کہ مذکورہ مقام پر سرکاری اور عوام الناس کے لئے ہاؤسنگ سکیم شروع کی گئی ہے۔</td></tr>
<tr><td>(ب)</td><td>آیا یہ بھی درست ہے کہ پلاٹ کی کل قیمت جو کہ کم از کم ڈھائی لاکھ روپے کی کوارٹر انسٹالمنٹ سمیت ڈاؤن پیمنٹ پر مشتمل ہے ادا کی جائے گی جو کہ ایک سرکاری یا غریب فرد کیلئے نا ممکن ہے؟<br><br>اگر (الف ) اور (ب) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کے لئے پی ایچ اے اور پی ایچ اے ایف کے پاس کوئی لائحہ عمل موجود ہے نیز اب تک کل کتنے سرکاری و غیر سرکاری افراد کو آفر لیٹرز جاری کئے گئے ہیں ، ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔</td><td>جی نہیں ، مذکوروہ ہاؤسنگ سکیم میں فی گھر (گرے سٹرکچر) کی ٹوٹل قیمت میں پلاٹ کی قیمت ، ترقیاتی کام اور گرے سٹرکچر تک کی تعمیر کے اخراجات شامل ہیں ، جو کہ مختلف سائز کے گھروں کے لئے الگ الگ ہیں۔<br><br>پی ایچ اے فاؤنڈیشن اور نیسپاک کنسلٹنٹ کے ماہرین پر مشتمل کمیٹی بنائی گئی ہے جو کہ ایک بنے بنائے گھر کی کل قیمت کی ازسرنو جائزہ لے گی۔<br>اس کے علاوہ پشاور ہائی کورٹ پشاور میں اس بابت میں رٹ پٹیشن عوام کی طرف سے دائر کی گئی تھی جس میں مورخہ 18-03-2021 کو درج زیل عدالتی احکامات صادر ہوئے۔<br>قیمتوں کا تعین خالصتا پالیسی کے تحت ہوئ ہیں اورعدالت قیمتوں کے تعین میں کوئ عمل دخل نہیں کرسکتی ۔<br>مزید براں پہلے فیز میں قرعہ اندازی کے تحت 8000 رجسٹرڈ ممبرز کو مختص کوٹہ کے تحت آفر لیٹر جاری کئے جاچکے ہیں ۔<br>سرکاری مکانات ملازمین اور عام شہریوں کو مندرجہ ذیل کوٹہ سسٹم/ طریقہ کار کے تحت کا میاب افراد کو مکانا ت کے قر عہ اندازی الاٹمنٹ لیڑ جاری کئے جا چکے ہیں۔
<table>
<tr><th>نمبر شمار</th><th>تفصیلات</th><th>کوٹہ</th></tr>
<tr><td>1</td><td>صوبائی سرکاری ملازمین (خیبر پختونخواہ)</td><td>30%</td></tr>
<tr><td>2</td><td>وفاقی سرکاری ملازمین</td><td>20%</td></tr>
<tr><td>3</td><td>جنرل پبلک</td><td>35%</td></tr>
<tr><td>4</td><td>خیبر پختونخواہ کے ضم شدہ اضلاع (فاٹا)</td><td>5%</td></tr>
<tr><td>5</td><td>خصوصی افراد</td><td>1%</td></tr>
<tr><td>6</td><td>وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس / پی۔ایچ۔اے۔ایف / خیبر پختونخواہ ۔ایچ۔اے۔ایف / ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخواہ</td><td>2%</td></tr>
<tr><td>7</td><td>سمندر پار پاکستانی</td><td>5%</td></tr>
<tr><td>8</td><td>میڈیا</td><td>2%</td></tr>
</table>
<table>
<tr><th>کیٹگری</th><th>رقبہ</th><th>قیمت</th><th>گھروں کی تعداد</th></tr>
<tr><td>Cat-I</td><td>50x90</td><td>11450327</td><td>900</td></tr>
<tr><td>Cat-II</td><td>40x80</td><td>9056276</td><td>1800</td></tr>
<tr><td>Cat-III</td><td>30x60</td><td>5887394</td><td>2800</td></tr>
<tr><td>Cat-IV</td><td>25x50</td><td>3314886</td><td>2500</td></tr>
<tr><td colspan="3">ٹوٹل</td><td>8000</td></tr>
</table>
</td></tr>
</table>